# 06-10-2023 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆ تلنگانہ حکومت نے ریاست بھر میں آج چیف منسٹرس بریک فاسٹ اسکیم کا آغاز کیا۔

☆ کینس ٹیکنالوجی کمپنی حیدرآباد کے کونگر کلان میں اپنا OSAT اور کمپاؤنڈ سیمی کنڈ یکٹر مینفیکچرنگ مرکز قائم کررہی ہے۔

☆ بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا اور ریاستی صدر کشن ریڈی نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں بی آر ایس کی خاندانی حکمرانی کا خاتمہ ہوگا۔

☆ ریاستی وزرا تارک راماراؤ اور ہریش راؤ نے تلنگانہ میں کانگریس یا بی جے پی کے اقتدار میں آنے کے امکان کو مسترد کردیا۔

☆☆☆☆☆

2 ہزار روپئے کے کرنسی نوٹوں کے ڈپازٹ اور تبدیل کرنے کی کل آخری تاریخ ہے۔ آر بی آئی گورنر شکتی کانتا داس نے کہا کہ اب تک بینکوں میں 96 فیصد 2 ہزار روپئے کے نوٹ ڈپازٹ کیے جاچکے ہیں۔ فی الحال بارہ ہزار کروڑ روپئے کے نوٹ سرکیولیشن میں ہے۔ آٹھ اکتوبر کے بعد صرف آر بی آئی کے 19 دفاتر میں ہی نوٹ تبدیل کیے جاسکتے ہیں۔ 2 ہزار روپئے کے نوٹ پوسٹ کے ذریعہ آر بی آئی کے ایشو دفاتر روانہ کیے جاسکتے ہیں۔ اس کے لئے ایک وقت میں 20 ہزار روپئے تک کی حد مقرر کی گئی ہے۔

☆☆☆☆☆

وجئے واڑہ کی اینٹی کرپشن بیورو عدالت نے آندھرا پردیش کے سابق وزیراعلیٰ چندرابابو نائیڈو کی ضمانت کی عرضی پر فیصلہ پیر تک کیلئے محفوظ رکھا ہے۔ نائیڈو کی ضمانت کی عرضی پر آج عدالت میں بحث ہوئی اور جج نے فیصلہ پیر تک کیلئے ملتوی کردیا۔ ACB عدالت نے کل اسکیل ڈیولپمنٹ اسکام کیس میں تلگودیشم پارٹی کے سربراہ کی ریمانڈ 19 اکتوبر تک بڑھادی تھی۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ اینٹی کرپشن بیورو کے عہدیدار بنجارہ ہلز کے SHO نریندر کے خلاف ایک پب مالک سے تین لاکھ روپئے کی رشوت لینے کے معاملہ کی جانچ کررہے ہیں۔ ایک شکایت پر ACB نے کیس بک کرتے ہوئے بنجارہ ہلز SHO سے پوچھ تاچھ کررہی ہے۔ بتایا جارہا ہے کہ ACB نے پولیس اسٹیشن سے نقد رقم برآمد کرلی اور اسے ضبط کرلیا گیا۔ اس ضمن میں تلاشی کارروائیاں انجام دی جارہی ہیں۔ ایک سابق انسپکٹر، دو کانسٹبل اور ایک ہوم گارڈ تفتیش کے دائرے میں ہیں۔

☆☆☆☆☆

کینس ٹیکنالوجی 2 ہزار 800 کروڑ روپئے کے سرمایہ سے تلنگانہ میں اپنا OSAT اور کمپاؤنڈ سیمی کنڈ یکٹر مینفیکچرنگ مرکز قائم کررہی ہے۔ ریاستی وزیر صنعت تارک راماراؤ نے اس کا خیرمقدم کیا۔ اس مرکز کے قیام سے تقریباً 2 ہزار روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ کنگاڑا کلان میں چالیس ایکر اراضی پر یہ مرکز قائم کیا جارہا ہے اور توقع ہے کہ بارہ سے اٹھارہ مہینوں میں کمپنی میں سرگرمیاں شروع ہوجائیں گی۔

☆☆☆☆☆

مرکزی وزیر و بی جے پی کے ریاستی صدر کشن ریڈی کا کہنا ہے کہ تلنگانہ میں عوام بی جے پی کی حمایت کیلئے تیار ہے۔ کشن ریڈی نے پارٹی ورکروں پر زور دیا کہ وہ بی آر ایس اور کانگریس کو شکست دینے کیلئے جامع انتخابی منصوبہ بنائے۔ حیدرآباد میں بی جے پی کی ریاستی کونسل میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی پالمور واور انڈور ریالیاں کامیاب رہیں اور انہیں لوگوں کا زبردست ردعمل ملا۔ کشن ریڈی نے الزام لگایا کہ بی آر ایس ایم آئی ایم کے ساتھ کام کررہی ہے جو کہ خواتین تحفظات بل کی مخالف تھی۔ مرکزی وزیر نے خواتین ریزرویشن بل پر ووٹنگ میں حصہ نہ لینے پر کانگریس ارکان پارلیمان کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ اس موقع پر بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا، قومی جنرل سکریٹری بنڈی سنجے، رکن پارلیمنٹ لکشمن، ڈی کے ارونا اور دیگر موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

وزارت شہری ہوابازی نے کہا کہ شہری اب حکومت کی جانب سے جاری کردہ شناختی وگھر کے پتے کے ذریعہ ڈرون پائیلٹ بن سکتے ہیں۔وزارت نے ڈرون پائیلٹس کی نئے ڈرون ترمیمی قواعد جاری کیے ہیں۔اس ترمیم کے بعد گھر کے شناخت کیلئے ووٹر آئی ڈی،راشن کارڈ یا ڈرائیونگ لائسنس پر ریموٹ پائیلٹ سرٹیفکیٹ حاصل کیا جاسکے گا۔وزارت نے کہا کہ اس سے قبل پاسپورٹ کی شرط سے ڈرون پائیلٹ بننے کیلئے رکاوٹیں پیدا ہورہی تھیں۔حکومت کا منصوبہ ہے کہ سال 2023 تک ہندوستان کو عالمی ڈرون ہب میں تبدیل کیا جائے۔نئے قواعد کا گزشتہ مہینہ کی 27 تاریخ سے اطلاق ہوگیا ہے۔

☆☆☆☆☆

آر بی آئی گورنر شکتی کانتا داس نے اعلان کیا کہ مالیاتی پالیسی کمیٹی نے متفقہ طور پر فیصلہ کیا ہے کہ پالیسی ریپوریٹ کو 6.50 فیصد برقرار رکھا جائے۔مالیاتی پالیسی کمیٹی کے اجلاس کے بعد آر بی آئی نے کہا کہ ملک کے اقتصادی حالات کو دیکھتے ہوئے ریپوریٹ کو مسلسل چوتھی مرتبہ تبدیل نہ کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔اسی طرح SDF کی شرح 6.25 فیصد اور MSF کی شرح اور بینک کی شرح 6.75 فیصد رہے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی حکومت نے چیف منسٹر بریک فاسٹ اسکیم کی شروعات کی ہے۔فی الحال تمام 119 اسمبلی حلقوں کے ایک اسکول میں یہ اسکیم لانچ کی گئی ہے اور دسہرہ کی تعطیلات کے بعد اسے تمام اسکولوں میں نافذ کیا جائے گا۔موبائیل ایپ کے ذریعہ اس پر نگرانی رکھی جائے گی۔ریاستی حکومت نے اس پروگرام کیلئے 672 کروڑ روپے مختص کیے ہیں جو کہ 27 ہزار 147 سرکاری اسکولوں میں نافذ کی جائے گی۔وزیر تعلیم سبیتا اندرا ریڈی نے وزراء ہریش راؤ، پی مہیند رریڈی کے ہمراہ رنگاریڈی ضلع کے مہیشورم حلقہ کے راور یال ضلع پریشد ہائی اسکول میں اسکیم کا افتتاح کیا۔وزیر آئی ٹی کے ٹی راماراؤ نے سکندرآباد کے ماریڈ پلی میں ایک سرکاری اسکول میں بریک فاسٹ اسکیم لانچ کی۔کے ٹی آر نے طلبہ کے ساتھ ناشتہ کیا۔ اس موقع پر کے ٹی آر نے ہفتہ بھر میں طلبہ کو دی جانے والی تغذیہ بخش غذا کی تفصیلات بھی فراہم کی۔ریاستی وزیر نے غذا کے معیار کو برقرار رکھنے کی اور باضابطہ اس کی نگرانی کرنے کی عہدیداروں کو ہدایت دی۔انہوں نے اسکول ٹیچروں سے بھی فیڈ بیاک طلب کیا۔وزیر داخلہ محمود علی نے اوپل ایک اسکول میں جی ایچ ایم سی کمشنر رونالڈ راس کے ہمراہ یہ اسکیم لانچ کی۔کھمم میں ریاستی وزیر پی اجئے کمار،سوریا پیٹ میں جی جگدیش ریڈی،نرمل میں اندرا کرن ریڈی،جگتیال میں کے ایشور،ونپرتی میں نرنجن ریڈی نے سی ایم بریک فاسٹ اسکیم لانچ کی۔ریاست کے مختلف علاقوں میں کلکٹروں اور دیگر عوامی نمائندوں نے اس اسکیم کی شروعات کی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر آئی ٹی تارک راماراؤ نے مشترکہ ورنگل ضلع میں 900 کروڑ روپئے مالیت کے کئی ترقیاتی پروگرام شروع کئے۔ایک عوامی جلسہ سے خطاب کرتے ہوئے تارک راماراؤ نے کہا کہ نوجوان جہاں کہیں بھی ہوانہیں روزگار ملنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ آئی ٹی شعبہ کا مستقبل دوشہروں حیدرآباد اور ورنگل میں رہے گا۔کے ٹی آر نے کہا کہ انہوں نے این آر آئیز سے گذارش کی ہے کہ وہ آندھرا پردیش میں بھی آئی ٹی کمپنیاں قائم کریں۔انہوں نے کہا کہ بنگلور کے آئی ٹی شعبہ میں کام کررہے ملازمین میں سے چالیس فیصد کا تعلق تلگوریاستوں سے ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر بنگلور و کے آئی ٹی ملازمین ریاست میں کام کرنا چاہتے ہیں تو انہیں بہتر مواقع فراہم کیے جائیں گے۔کے ٹی آر نے مزید کہا کہ ریاست میں آٹھ آئی ٹی ہب قائم کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆

حیدرآباد کے پرانے شہر میں واقع سترہویں صدی کے تاریخی فوارہ گلزار حوض کی تجدید کاری کے بعد اسے دوبارہ کھولا گیا ہے۔ایم آئی ایم کے صدر اسدالدین اویسی نے بلدی نظم ونسق وشہری ترقی کے خصوصی چیف سکریٹری اروند کمار کے ہمراہ اس کا افتتاح کیا۔قلی قطب شاہ اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی نے دکن ٹیرین ہیرٹیج کے ساتھ مل کر چار مہینے کی مدت میں تیس لاکھ روپئے کی لاگت سے گلزار حوض کی تجدید کاری کی ہے۔حکام نے ایل ای ڈی لائٹس بھی نصب کئے ہیں جو کہ رات کے وقت فوارہ کی خوبصورتی میں مزید اضافہ کرے گی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیر ہریش راؤ نے مشتر کہ نظام آباد ضلع میں کئی ترقیاتی پروگراموں کا افتتاح کیا۔ کاماریڈی ضلع کے بچکنڈہ میں سو بستروں پر مشتمل اسپتال کی تعمیر کیلئے ریاستی وزیر نے بھومی پوجا کی۔ انہوں نے چھبیس کروڑ روپئے کی لاگت سے کئی کاموں کا سنگ بنیاد بھی رکھا۔ ہریش راؤ نے درپلی منڈل ہیڈ کوارٹر پر بھی 100 بستروں پر مشتمل اسپتال کیلئے بھومی پوجا کی۔ عوامی ریالی سے خطاب کرتے ہوئے ہریش راؤ نے کہا کہ ریاست میں کانگریس اور بی جے پی کو اقتدار ملنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ حالانکہ مرکزی حکومت کا تعاون نہیں مل رہا ہے اس کے باوجود ہر ضلع میں ایک میڈیکل کالج قائم کیا جارہا ہے۔ ہریش راؤ نے کانگریس پر غلط سروے کے ذریعہ عوام کو گمراہ کرنے کا الزام لگایا۔

☆☆☆☆☆

خانہ پور کی بی آر ایس رکن اسمبلی ریکھا نائیک نے پارٹی سے استعفیٰ دیدیا ہے۔ ریکھا نائیک کا کہنا ہے کہ وہ خانہ پور سے تنہا مقابلہ کریں گی۔ انہوں نے خواتین کو اہمیت نہ دینے پر بی آر ایس کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

☆☆☆☆☆

چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ نے ناگر جنا ساگر لیفٹ کنال سے فصلوں کیلئے پانی چھوڑنے کی متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی۔ چیف منسٹر نے کہا کہ دریائے کرشنا سے تلنگانہ کے حصہ کا پانی چھوڑا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بیس دنوں کیلئے پانی چھوڑا جائے۔ اس سال مناسب بارش نہ ہونے کی وجہ سے نلگنڈہ، کھمم اضلاع میں فصلوں کو نقصان ہونے کا خدشہ ہے۔ اسی تناظر میں چیف منسٹر نے فصلوں کیلئے پانی چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔

☆☆☆☆☆

بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا کا کہنا ہے کہ چیف منسٹر چندر شیکھر راؤ کی حکمرانی رضا کاروں کی طرز پر ہے۔ حیدرآباد کے گھٹکیسر میں بی جے پی کے ریاستی کونسل کی میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے نڈا نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں بی آر ایس کی خاندانی حکمرانی کا خاتمہ ہوگا۔ انہوں نے کانگریس کو بھی تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ پارٹی عوام کے علاقائی مطالبات کو نظرانداز کررہی ہے۔

☆☆☆☆☆